SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XIX مجریہ ۱۹۷۵

SINDH ACT NO.XIX OF 1975

سندھ صوبائی اسیمبلی (میمبرز) بہبود فنڈ ایکٹ، ۱۹۷۵

THE SINDH PROVINCIAL ASSEMBLY (MEMBERS) WELFARE FUND ACT, 1975

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ فنڈ کا قیام

Establishment of Fund

۴۔ فنڈ جمع کرنا

Contribution to the Fund

۵۔ فنڈ کا استعمال

Utilization of the Fund

۶۔ کامیٹی کی تشکیل

Constitution of Committee

۷۔ مالی معاونت

Financial Assistance

۸۔ کامیٹی کا عملا

Staff of the Committee

۹۔ قاعدے بنانے کا اختیار

Power to make Regulations

۱۰۔ ادائیگی

Payments

سندھ ایکٹ نمبر XIX مجریہ ۱۹۷۵

SINDH ACT NO.XIX OF 1975

سندھ صوبائی اسیمبلی (میمبرز) بہبود فنڈ ایکٹ، ۱۹۷۵

THE SINDH PROVINCIAL ASSEMBLY (MEMBERS) WELFARE FUND ACT, 1975

[۳۰ دسمبر ۱۹۷۵]

صوبائی اسیمبلی کے ممبران اور ان کے ورثاء کی مالی معاونت کے لیئے فنڈ کے قیام کے لیئے ایکٹ

تمہید (Preamble)

صوبائی اسیمبلی کے ممبران اور ان کے ورثاء کی مالی معاونت کے لیئے فنڈ کا قیام مقصود ہے۔

جسے اس طرح تشکیل دیا جارہا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ صوبائی اسیمبلی (میمبرز) بہبود فنڈ ایکٹ، ۱۹۷۵ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

تعریف

Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں جب تک کوئی چیز مضمون اور مفہوم کے متضاد نا ہو تب تک:

(a) "اسیمبلی" مطلب سندھ کی صوبائی اسیمبلی۔

(b) "وزیر اعلیٰ" مطلب سندھ کے وزیر اعلیٰ۔

(c) "کامیٹی" مطلب دفعہ ۶ کے تحت تشکل دی گئی کامیٹی کے ممبران۔

(d) "ڈپٹی اسپیکر" مطلب اسیمبلی کا ڈپٹی اسپیکر۔

(e) "سابق ممبر" مطلب وہ شخص جو ممبر ہو اور اس نے اپنی رکنیت کے دوران فنڈ جمع کیئے ہوں۔

(f) "فنڈ" مطلب دفعہ ۳ کے تحت ممبرز کی بہبود کا فنڈ۔

(g) "حکومت" مطلب سندھ حکومت۔

(h) "قائد حزب اختلاف" مطلب قائد حزب اختلاف جیسا سندھ اسیمبلی ممبرز (تنخواہ اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۴ کی دفعہ ۲ میں بیان کیا گیا ہے۔

(i) "رکن" مطلب اسیمبلی کا رکن۔

(j) "وزیر" مطلب حکومتی وزیر۔

(k) "صوبہ" مطلب صوبہ سندھ۔

(l) "اسپیکر" مطلب اسیمبلی کا اسپیکر۔

فنڈ کا قیام

Establishment of Fund

۳۔(۱) یہاں ایک فنڈ ہو گا، جسے ممبران کی بہبود کا فنڈ کہا جائے گا، جو مشتمل ہو گا:

(a) ممبران کی طرف سے جمع کردہ رقم

(b) حکومتی امداد اور

(c) وہ آمدنی جو سرمایہ کاری سے فنڈ میں سے کی جائے۔

(۲) فنڈ میں جمع کردہ رقم ایسی شیڈول بینک یا بینکوں میں رکھی جائے گی جو کامیٹی کی طرف سے بیان کردہ ہوں۔

(۳) فنڈ میں سے رقم نکالنے کے لیئے چیئرمین کے دستخط ضروری نہیں ہوں گے۔

(2) فنڊ ۾ جمع ڪيل رقم اهڙين شيڊول بئنڪن ۾ رکي ويندي جيڪي ڪاميٽي طرفان چاٽايل هجن.

فنڈ جمع کرنا

Contribution to the Fund

۴۔(۱) ہر ایک ممبر ۲۵ روپے مہانہ کے حساب سے اپنا حصہ ادا کرے گا اور وہ حصہ اس کی تنخواہ میں سے کاٹا جائے گا۔

(۲) حکومت ایک ہزار پانچ سو (۱۵۰۰) روپے ہر ماہ فنڈ کی امداد کے طور پر ادا کرے گی۔

فنڈ کا استعمال

Utilization of the Fund

۵۔ فنڈ ممبرز، سابق ممبرز اور ان کے ورثاء کی مالی معاونت کے لیئے استعمال میں لایا جائے گا، جیسا کیس ہو۔

کامیٹی کی تشکیل

Constitution of Committee

۶۔(۱) ایک کامیٹی بنائی جائے گی جو ممبران کی بہبود کی کامیٹی کے طور پر جانی جائے گی۔

(۲) وہ کامیٹی اسپیکر، وزیر اعلیٰ، قانون اور پارلیمانی امور کے وزیر، ڈپٹی اسپیکر، قائد حزب اختلاف اور اسیمبلی کی طرف سے منتخب کردہ تین ممبران پر مشتمل ہوگی۔

(۳) اسپیکر کمیٹی کا چیئرمین ہوگا۔

مالی معاونت

Financial Assistance

۷۔ کامیٹی کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ کسی ممبر یا سابق ممبر کہ جس نے نظر گنوادی ہو یا جسم کے کسی عضوے سے معذور ہو گیا ہو یا لمبے عرصے سے علالت میں ہو تو مالی معاونت دے سکتی ہے، یا ان کے موت کی صورت میں ان کے ورثاء کی مالی معاونت کر سکتی ہے۔

کامیٹی کا عملا

Staff of the

۸۔ کامیٹی فنڈ کے انتظامات سنبھالنے کے لیئے ایسی شرائط اور ضوابط کے تحت ایسا افسر یا افسران اور دیگر اسٹاف مقرر کر سکتی ہے، جیسا مناسب ہو۔

Committee	
قاعدے بنانے کا اختیار Power to make Regulations	۹۔ کامیٹی فنڈ کے انتظام چلانے کے لیئے اور اپنے کام کاج کے ساتھ میٹنگز بلانے اور میٹنگز کے لیئے کورم کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔
ادائیگی Payments	۱۰۔ کسی بھی عدالت کو اس ایکٹ کے تحت کیئے گئے یا طئے شدہ کسے معاملے پر سوال اٹھانے کا اختیار نہیں ہے۔
	نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔